دل چسپ

ریاضی

حصّہ دُوّم-2

PART- 2

پہلی جماعت کے لیے اردو کی درسی کتاب

NOT TO BE @KTBS REPUBLISHED

QRickit
4109

विद्यया ऽ मृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru-560 003

ترتیب

7. لینا کا خاندان (پیمائش)	1
8. اعداد کے ساتھ مزہ (21 سے 99 تک)	13
9. تہوار (پیٹرن)	27
10. میرا معمول (وقت)	34
11. کتنی مرتبہ ؟ (ضرب)	40
12. ہم کتنا خرچ کر سکتے ہیں؟ (پیسہ)	44
13. کھلونے ہی کھلونے (اعداد و شمار کا انتظام)	49
پہیلیاں	51

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

QRickit

4109CH07

لینا کا خاندان

7


لینا کے خاندان کی محفل

لینا اپنے خاندان کے ساتھ ایک چھوٹے سے گاؤں میں رہتی ہے۔ اس کے ساتھ اس کے دادا، دادی، والدین اور ایک بھائی شنبو رہتا ہے۔ اس کے چاچا، چاچی اور ان کے بچے اس کے گھر کے قریب رہتے ہیں۔



یہ لینا کے خاندان کی تصویر ہے۔ وہ ایک اسٹول پر کھڑی ہوئی ہے۔ وہ لمبی دکھنا چاہتی ہے۔ معلوم کیجیے لینا کے خاندان میں سب سے لمبا فرد کون ہے اور اس پر دائرہ بنائیے۔

لینا کے گھر والوں نے خاندان کے باقی افراد کو ایک محفل میں بلایا ہے۔



آؤ گفتگو کریں

A. لینا کے خاندان میں کل کتنے افراد ہیں؟

B. خاندان کے سب سے لمبے فرد پر صحیح کا نشان لگائیے۔

C. خاندان کے سب سے چھوٹے قد کے فرد پر ٹوپی بنائیے۔


D. لینا کے والد سے لمبا اور اس کی ماں سے چھوٹا کون ہے؟

E. آپ کے خاندان میں سب سے لمبا اور سب سے چھوٹا فرد کون ہے؟

F. آپ کی جماعت میں سب سے لمبا بچہ کون ہے؟

G. آپ کی جماعت میں کتنے بچے آپ سے لمبے ہیں؟

NOT TO BE REPUBLISHED



لینا پہاڑی علاقے میں جھونپڑی جیسے مکان میں رہتی ہے۔ کیا آپ تصویر میں اس کا گھر تلاش کر سکتے ہیں؟
تصویر کو دیکھ کر صحیح جواب پر دائرہ بنایئے۔

A. اس کا گھر دکان سے **بہت قریب / بہت دور** ہے اور اسکول سے **بہت قریب / بہت دور** ہے۔

B. اسکول دکان سے **بہت قریب / بہت دور** اور لال چھت والے گھر سے **بہت قریب / بہت دور** ہے۔

C. بچہ اسکول بس کے **بہت قریب / بہت دور** ہے اور اسکول کے **بہت قریب / بہت دور** ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حیران کن حقائق


یہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کا مجسمہ ہے، جسے ہم ایکتا کا مجسمہ بھی کہتے ہیں۔ یہ دنیا کا سب سے اونچا مجسمہ ہے اور گجرات میں واقع ہے۔




آؤ کریں

A. جو سب سے لمبا ہے اس پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔


i. ii.





B. جو سب سے چھوٹا ہے اس پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔


i. ii.






C. جو سب سے موٹا ہے اس پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔

i. ii.






D. جو سب سے پتلا ہے اس پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔

i. ii.





© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سوچیے اور کیجیے


اس سے لمبی لکڑی/بانس بنائیے



اس رسّی سے چھوٹی رسّی بنائیے




دادی چترا کے سویٹر کی لمبائی کی جانچ اپنے بالشت سے کر رہی ہیں۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چترا بھی اپنی بالشت کا استعمال کر کے میز، کتاب، پنسل، چھڑی اور کاپی کی لمبائی معلوم کرنا چاہتی ہے۔









سوچیے اور جواب دیجیے

A. میری میز _____ بالشت لمبی ہے۔

B. میرا تھیلا _____ بالشت لمبا ہے۔

C. میری کلاس کا بلیک بورڈ _____ بالشت لمبا ہے۔

D. میری ریاضی کی کتاب _____ بالشت لمبی ہے۔

E. میرا بازو _____ بالشت لمبا ہے۔

F. میرے دوست کا بازو _____ بالشت لمبا ہے۔

کیا چترا بالشت کا استعمال کر کے ان سب چیزوں کی لمبائی ناپ سکتی ہے؟ اپنے آس پاس کی چیزوں کے بارے میں معلوم کیجیے جو آپ کی بالشت سے چھوٹی ہیں اور ان سب کو دائرے میں رکھیے؟ ان چیزوں کی لمبائی ناپنے کے لیے کیا ہم انگلیوں کا استعمال کر سکتے ہیں؟




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED





آؤ کریں

نیچے دی گئی چیزوں کی لمبائی معلوم کرنے کے لیے آپ کس کا انتخاب کریں گے ؟ بالشت کا یا انگلیوں کا، اپنے جواب پر دائرہ بنایئے۔ ان چیزوں کی لمبائی معلوم کرنے سے پہلے ان کا اندازہ لگائیے۔

چیزوں کے نام	آپ کیا استعمال کریں گے ؟ اس کو دائرے میں رکھیے	میرا اندازہ	میں نے کیا پایا؟
پانی کی بوتل 	 انگلیاں یا بالشت		
چمچ 	 انگلیاں یا بالشت		
پینسل 	 انگلیاں یا بالشت		
دوست کی ناک 	 انگلیاں یا بالشت		
ٹانگ 	 انگلیاں یا بالشت		
چابی 	 انگلیاں یا بالشت		

©KTBB NOT TO BE REPUBLISHED






قدم کے ذریعے پیمائش	میرا اندازہ اتنے قدم ہے	میرے ناپنے کا نتیجہ اتنے قدم ہے
میری سیٹ اور کلاس روم کے دروازے کے درمیان کا فاصلہ		
کلاس روم کی دیوار کی ایک سائڈ		
آپ کے بیت الخلا اور پلنگ کے درمیان کا فاصلہ		
آپ کے کمرہ کی دو دیواروں کے درمیان کا فاصلہ		



آؤ کریں


A. بھاری چیز پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے۔

i.





ii.





B. ہلکی چیز پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے۔

i.





ii.










@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

C. بھاری چیز کو رنگیے


i.




ii.



iii.




iv.




D. ہلکی چیز کو رنگیے


i.




ii.



iii.



iv.



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

آؤ گفتگو کریں



A. آپ اور آپ کے دوست میں کون زیادہ بھاری ہے؟ آپ کیسے معلوم کریں گے؟ اپنی جماعت میں بحث کیجیے۔

B. اپنا وزن معلوم کیجیے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آپ کے وزن کی جانچ کب اور کہاں ہوتی ہے؟



آؤ کریں



A. بالٹی کو پانی سے بھریئے۔

i. _____ جگوں سے بالٹی بھر جائے گی۔

ii. _____ گلاسوں سے بالٹی بھر جائے گی۔

iii. _____ پیالوں سے بالٹی بھر جائے گی۔

B. جواب دیجیے۔

i. کتنے کپ پانی سے آپ کی پانی کی بوتل کو بھر جائے گی؟ _____


ii. اب اسی کپ سے اپنے دوست کی پانی کی بوتل کو بھریئے؟ کتنے کپ پانی سے بوتل بھر جائے گی؟ _____

iii. کس بوتل میں زیادہ پانی آتا ہے؟ _____


iv. دوسری بوتل سے کوشش کیجیے۔ کون سی بوتل میں کم پانی آتا ہے؟

C. جس میں زیادہ پانی آتا ہے اس پر دائرہ بنائیے۔

















@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

D. پانی ہمارے لیے بہت مفید ہے۔

دی گئی سرگرمیوں کے لیے جتنا پانی چاہیے اس پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔

i. 

دانت مانجنے کے لیے



پانی سے بھری بالٹی




پانی سے بھرا مگ

ii. 


نہانے کے لیے



پانی سے بھری بالٹی




ٹنکی

iii. 


دو گلاس لیمو پانی بنانے کے لیے



پانی کا جگ




پانی کی بالٹی

iv. 

پودے میں پانی دینے کے لیے



پانی سے بھرا مگ



پانی سے بھری بالٹی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



پروجیکٹ

A. اس بات پر بحث کیجیے کہ نہانے کے لیے شاور یا نل کے پانی کے بجائے بالٹی میں پانی لے جانا کیوں اہم ہے۔

B. رنگین کاغذوں کی پٹیوں کو اس طرح کاٹیے اور چپکائیے کہ اس پٹی کا ایک حصہ چھوٹا اور ایک بڑا ہو جائے۔ پٹیاں مختلف سائز کی ہونی چاہیے۔

چھوٹی یہ چھوٹی ہیں	بڑی یہ بڑی ہیں

C. ان چیزوں کی فہرست بنائیے جن کا لے جانا آسان ہے اور جن کا لے جانا مشکل ہے۔

لے جانے میں آسان ہے۔	لے جانے میں مشکل ہے۔

D. مختلف سائز کے گلاس، پیالے اور بوتل لیجیے۔ اب دیکھیے کتنے گلاس پانی سے بوتل کو بھر سکتے ہیں۔ اس میں سے کس برتن میں زیادہ پانی آتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED







بچوں سے پوچھیے کہ وہ ایک دن میں کتنے گلاس پانی پیتے ہیں۔ ان کو سمجھائیے اور احساس دلائیے کہ پانی کو برباد کرنے سے بچیں۔ اگر گلاس میں پانی بچ جائے تو کیا اس کو پھینکنا چاہیے یا پودوں میں ڈال دینا چاہیے۔ پانی بچانے کے مختلف طریقوں جیسے، جب نل استعمال میں نہ ہو تو اس کی ٹونٹی بند کرنا، پانی کے دوبارہ استعمال وغیرہ پر گفتگو کریں۔







سمرن ڈبوں میں سنترے رکھ رہی ہے۔ ہر ڈبّہ میں 10 سنترے آ سکتے ہیں۔ اس کو کتنے ڈبّوں کی ضرورت ہو گی؟













اس نے سنتروں کو ڈبّوں میں رکھا۔









کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ کتنے سنترے ہیں؟

21 اکیس		
22 بائیس		

© PKTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

		تیئس
		**24** چوبیس
		پچیس
		چھبیس
		**27** ستائیس

©KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

28 اٹھائیس		
ـــــ انتیس		
30 تیس		


21 سے 30 تک لکھیے











					25				21
30							23		
			27					22	

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED











آئیے پھولوں اور نیم کی داتونوں کی تعداد کی گنتی کرتے ہیں۔





31 اکتیس		36 چھتیس	
32 بتیس		سینتیس	
تینتیس		اڑتیس	
چونتیس		39 انتالیس	
35 پینتیس		40 چالیس	

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


41 اکتالیس		46 چھیالیس	
بیالیس		سینتالیس	
43 تینتالیس		اڑتالیس	
چوالیس		49 انچاس	
45 پینتالیس		50 پچاس	

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS


آؤ کریں

A. 1 سے 50 تک میں سے کوئی ایک عددی کارڈ لیجیے۔ کیا آپ کلپ کی مدد سے گن لڑی میں صحیح مقام پر عددی کارڈ رکھ سکتے ہیں؟

B. گن لڑی پر لگے عددی کارڈ پر عدد لکھیے




گنیے اور عدد لکھیے




عدد دکھانے کے لیے دہائی کے فریم کو پُر کیجیے۔ دی گئی مثال کے ذریعہ سمجھیے۔



29
انتیس



41
اکتالیس



30
تیس





21 سے 50 تک اعداد کے بارے میں گفتگو کرنے کے لیے گِن لڑی کا استعمال کیجیے۔ شروعات میں گِن لڑی /عددی لائن کی مدد سے بچوں کو دیے ہوئے عدد سے پیچھے کی طرف گننے کے لیے ہمت افزائی کیجیے۔ جب ان میں اعتماد پیدا ہو جائے گا تو وہ لڑی کی مدد کے بغیر بھی اسے کر سکتے ہیں۔

© NCERT NOT TO BE REPUBLISHED

گمشدہ اعداد لکھیے



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED




پروجیکٹ

فرح نے کہا کہ اس نے اپنی ماچس میں 50 عجیب و غریب چیزیں رکھی ہیں۔ اس کے دوستوں کو حیرانی ہوئی کہ ان میں کون سی چیزیں ہو سکتی ہیں۔ ان کو سب سے زیادہ تعجب تب ہوا جب فرح نے ماچس کی ڈبیا کھولی۔

کیا آپ کچھ چیزیں جمع کر سکتے ہیں اور یہ دیکھ سکتے ہیں کہ ان میں سے کتنی چیزیں ایک ماچس کی ڈبیا میں آسکتی ہیں؟








51 سے 99 تک کے اعداد

انکیتا اپنے گھر میں شیشے چپکا رہی ہے۔ ڈیزائن کو مکمل کرنے میں اسے کتنے شیشوں کی ضرورت ہو گی؟ جاننے میں اس کی مدد کیجیے۔























51 سے 60 تک کے اعداد گنیے اور لکھیے

51 اکیاون			چھپّن
52 باون			ستّاون
ترپن			اٹھاون
چوّن		59 اُنسٹھ	
پچپن		60 ساٹھ	





















NOT TO BE REPUBLISHED

61 سے 80 تک کے اعداد گنیے اور لکھیے

61 اکسٹھ		71 اکہتّر	
62 باسٹھ		72 بہتّر	
تریسٹھ		تہتّر	
چونسٹھ		74 چوہتّر	
پینسٹھ		75 پچھتّر	
چھیاسٹھ		چھہتّر	
سڑسٹھ		سہتّر	
اڑسٹھ		78 اٹھہتّر	
انہتّر		انیاسی	
70 ستّر		80 اسّی	

NOT TO BE REPUBLISHED BY KTBS

81 سے 100 تک کے اعداد گنیے اور لکھیے

81 اکیاسی		91 اکیانوے	
بیاسی		بانوے	
83 تراسی		ترانوے	
چوراسی		چورانوے	
پچاسی		95 پچانوے	
86 چھیاسی		چھیانوے	
ستاسی		97 ستانوے	
اٹھاسی		اٹھانوے	
89 نواسی		ننانوے	
90 نوّے		100 سو	

NOT TO BE REPUBLISHED @KBS

آؤ کریں

ایک سرے سے دوسرے سرے تک گن لڑی کو باندھیے۔ کوئی بھی عدد کارڈ (1 سے 99 میں سے) چُنیے۔ کلپ کے ذریعہ اس کارڈ کو گن لڑی میں اس کے صحیح مقام پر لگائیے۔ مزید دوسرے کارڈوں کو استعمال کرتے ہوئے اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلیے۔




© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



اعداد کو جمع کرنے کے لیے گن لڑی کا استعمال کیجیے۔ دیے ہوئے دو اعداد کے بیچ کے اعداد معلوم کرنے کو کہیے۔

گنیے اور تعداد لکھیے



غائب اعداد کو بھر کر پھسل پٹّی اور سیڑھی کا کھیل مکمل کیجیے

	92			95	96	97	98		100
90		88	87	86		84	83	82	81
71	72	73	74		76	77		79	80
	69	68		66	65		63	62	61
51	52	53	54		56		58	59	
50		48		45			43	42	41
31	32	33	34		36	37	38		40
30		28	27		25	24		22	21
11	12	13		15	16	17	18	19	20
	9	8		6	5		3	2	1

@KTS NOT TO BE REPUBLISHED

یہ کھیل کھلی جگہ میں کھیلا جاسکتا ہے، چاک سے خانے بنا کر، کھلی تیلیوں سے سیڑھیاں اور رسیوں سے پھسل پٹّی بنا کر استعمال کیجیے۔ گیم بورڈ سے طلبا کچھ ٹاسک کارڈ کی نقل کر سکتے ہیں اور انھیں چوکور خانوں پر چسپاں کر سکتے ہیں۔ ہدایات میں تھوڑی تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔ جیسے ان گنتیوں پر کودیں جہاں گنتیاں بدل گئی ہیں۔ اپنی دائیں طرف ایک گنتی چھوڑ کر کودیئے۔

تصویر کو دیکھیے



@CBSE NOT TO BE REPUBLISHED

آؤ گفتگو کریں

A. مشاہدہ کیجیے کہ تصویر میں کیا ہو رہا ہے اور اس پر بحث کیجیے؟

B. دی ہوئی تصویر میں کون کون سی مختلف چیزیں آپ دیکھ سکتے ہیں؟

C. وہاں کتنے گھر موجود ہیں؟

D. تصویر میں کل کتنے لوگ نظر آ رہے ہیں؟

E. اندازہ کیجیے کہ پیڑ کی پتیوں کو بنانے میں کتنی لائنیں استعمال ہوئی ہیں؟

F. کیا آپ اس قسم کی ڈرائنگ کا مخصوص نام جانتے ہیں؟

G. ہندوستان کا کون سا حصہ 'ورلی' مصوری کے لیے مشہور ہے؟

آپ خود ورلی ڈرائنگ بنائیے۔







@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



QRickit

4109CH09


9

تہوار



ہندوستانی کلینڈر کے مطابق 'اتراین' کے تہوار جیسے مکر سکرانتی، پونگل، بیہو، لوہڑی سب سردی کے اختتام اور گرمی کی شروعات کی علامت ہیں۔ان تہواروں کو اس لیے مناتے ہیں کہ دن بڑے ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور فصلوں کی کٹائی شروع ہو جاتی ہے۔ بچوں سے ان کے اپنے مختلف مقامی تہواروں کے بارے میں گفتگو کیجیے جو وہ گھر والوں کے ساتھ مناتے ہیں۔ تصویر میں ہر تہوار کی اہم جھلکیاں نظر آ رہی ہیں اور مختلف پیٹرن، شکلیں، ان سب کے بارے میں بحث کی جا سکتی ہے۔

© @KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



پیٹرن کو آگے بڑھایئے۔

.A




.B




.C




.D




.E




.F



.G



.H




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


ٹھوس چیزوں سے پیٹرن بنانے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔



آؤ کریں



منّا کو رنگ بھرنے کا بڑا شوق ہے۔ اس نے انگوٹھے اور انگلیوں کے نشان سے ایک پیٹرن بنایا ہے۔ آپ بھی دی ہوئی جگہ میں اپنی انگلی کے نشان سے ایک پیٹرن تیار کیجیے۔






@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED




کون سا رنگ گلابی رنگ کے بعد آئے گا اور کیوں؟ بحث کیجیے۔

بچوں سے کہیں کہ مختلف قسم کی سبزیوں کو جمع کریں اور بڑوں کی مدد سے ان کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹیں۔ اپنی پسند کا پیٹرن بنانے کے لیے مختلف سائز اور رنگ کے ٹکڑوں کا استعمال کیجیے۔

پیٹرن کو دیکھیے اور رنگ بھر کے اس کی توسیع کیجیے۔





غائب حصوں کو بنا کر پیٹرن پورا کیجیے۔




@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED


پیٹرن کا مطالعہ کیجیے اور خالی جگہوں کو غائب اعداد سے پُر کیجیے۔














© KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

مورتھی اور وانی اپنی امی کی کولم یا رنگولی بنانے میں مدد کر رہے ہیں، کولم کو مکمل کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



پروجیکٹ

A. کنکڑ، پھول، پتیاں، گلاس، پیالے، تیلیاں، چوڑیاں، سکّے، ٹوپی وغیرہ کو جمع کیجیے اور ان کو کسی پیٹرن میں ترتیب دیجیے۔ اپنی پسند کے زیوات، گلدستہ، آرٹ کے شوپیس وغیرہ کے مختلف پیٹرن بنائیے۔

B. پتیوں، تتلی، جانوروں کی کھال، بلی، کتا، زیبرا، شیر، پردے، ساڑیاں، دوپٹے، ٹائل، مکھی کا چھتہ وغیرہ میں قدرتی پیٹرن کا مشاہدہ کریں اور ان کے بارے میں معلوم کریں۔

C. آس پاس نظر آنے والی مختلف چیزوں کو اکھٹا کر کے ایک کولاج بنائیے۔

D. کیا آپ الگ الگ حرکتوں کا استعمال کر کے پیٹرن بنا سکتے ہیں؟ جیسے تالی بجانا، چٹکی بجانا، پاؤں پٹخنا۔



ہمارے اطراف کی دنیا مختلف شکلوں سے بھرپور ہے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ اپنے آس پاس کے مندروں، مسجدوں، کلیساؤں، گرودواروں اور آثار قدیمہ کے خوبصورت پیٹرن کو معلوم کریں اور ہندوستان کی قیمتی وراثت کی ستائش کریں۔


QRickit

4109CH10

10 میرا معمول



ہیلو دوستو! میں پیہو ہوں۔ میری عمر 6 سال ہے۔ آج میں آپ کو اپنا روزانہ کا معمول بتاؤں گی کہ میں صبح سے رات تک کیا کرتی ہوں۔



دیکھیے، آسمان میں سورج طلوع ہو رہا ہے۔
اب صبح ہو گئی ہے۔



میں صبح بستر سے اٹھتی ہوں اور ایک گلاس گنگنا پانی پیتی ہوں۔




میرا دن یوگا کی ورزش سے شروع ہوتا ہے۔



اس کے بعد میں دانت مانجھتی ہوں اور پھر نہاتی ہوں۔





میں ناشتہ کرتی ہوں اور اسکول کے لیے تیار ہوتی ہوں۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میں اسکول میں اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ پڑھتی اور کھیلتی ہوں۔





سورج آسمان میں بہت اونچائی پر آ گیا ہے۔ اب دوپہر کا وقت ہے۔ میں اپنے ہاتھ دھوتی ہوں اور اپنے دوستوں کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھاتی ہوں۔



میں اسکول سے واپس آتی ہوں اور کچھ دیر آرام کرتی ہوں۔






دیکھیے، سورج غروب ہو رہا ہے۔ اب شام کا وقت ہے۔ میں اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتی ہوں اور اپنا ہوم ورک پورا کرتی ہوں۔



اوپر دیکھیے، آسمان میں چاند اور ستارے نظر آ رہے ہیں۔
یہ رات کا وقت ہے۔



میں اپنے گھر والوں کے ساتھ رات کا کھانا کھاتی ہوں۔



ایک اچھے دن کے لیے میں خدا کا شکر ادا کرتی ہوں اور رات میں سونے چلی جاتی ہوں۔

© OKIDS
NOT TO BE REPUBLISHED



آؤ گفتگو کریں

A. آپ کا روزانہ کا معمول کیا ہے؟
B. آپ دانت کب مانجتے ہیں؟
C. آپ کب نہاتے ہیں؟




آؤ کریں

A. اس سرگرمی پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے جو آپ صبح کرتے ہیں۔








B. اس سرگرمی پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے جو آپ دن کے دوران دیکھتے ہیں اور کرتے ہیں۔







C. اس سرگرمی پر صحیح کا نشان ✓ لگایئے جو آپ رات میں کرتے ہیں۔

@KIBS NOT TO BE REPUBLISHED

تصویر کو دیکھ کر دن کے وقت کا اندازہ لگائیے۔ اپنے دوستوں سے اس پر گفتگو کیجیے کہ نیچے دکھائی گئی تصویروں کے وقت میں وہ کیا کرتے ہیں؟




@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


آؤ کریں

اس سرگرمی میں رنگ بھریئے جس میں زیادہ وقت لگتا ہے۔

.A




.B



موسم



موسمِ بہار



گرمی کا موسم



سردی کا موسم



برسات کا موسم

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

گرمی، سردی اور بارش کے موسموں کے فرق پر بحث کیجیے۔

موسم کے ناموں سے چیزوں کو ملائیے

برسات کا موسم

موسمِ بہار



گرمی کا موسم

سردی کا موسم



آؤ گفتگو کریں

A. آپ گرمی کے موسم میں کیا کھانا پسند کرتے ہیں؟

B. آپ سردی کے موسم میں کیا پہننا پسند کرتے ہیں؟



آؤ کریں

موسموں کے نام لکھیے اور ان کو تصویروں کے ساتھ ملائیے۔





















پروجیکٹ

بچوں سے مختلف موسموں کے دوران کھائی جانے والی پسندیدہ چیزوں اور تہواروں کی تصویر بنوائیے یا چسپاں کروائیے۔

@KPTB NOT TO BE REPUBLISHED



کتنی مرتبہ؟

تفریحی پارک کی سیر

بچوں کا ایک گروپ ایک تفریحی پارک کی سیر کو گیا۔





واہ! ایک گھوڑے پر 2 بچے بیٹھ سکتے ہیں۔ میں اپنے دوست کے ساتھ بیٹھوں گی۔

یہاں کل بچّے ہیں

2 + 2 + 2 + 2 = ☐

ہم ☐ لوگ گھوڑے والے جھولے پر ایک ساتھ بیٹھیں گے۔




کھلونا ٹرین کے ایک ڈبّے میں 3 لوگ بیٹھ سکتے ہیں۔ ہم سب ایک ساتھ بیٹھیں گے۔

یہاں 3 ڈبے ہیں، 3 + 3 + 3 = ☐

کل ☐ بچے 3 ڈبوں میں بیٹھ سکتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS




@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

☐ + ☐ + ☐ + ☐ = ☐

کل ☐ بچے جھولے پر بیٹھ سکتے ہیں۔

جھولا جھولنے کے بعد بچوں نے جلیبی کھانے کا سوچا، ہر پلیٹ میں 3 جلیبیاں ہیں۔ انھوں نے جلیبیوں کی 6 پلیٹ منگوائیں۔




☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ = ☐

6 کا 3 گنا = ☐



ہر سرگرمی میں گروپوں کی تعداد کے بارے میں گفتگو کیجیے مثلاً تصویر میں کل کتنے بچے ہیں، ہر ڈبّے میں کتنے بچے بیٹھے ہیں، جھولوں پر کُل کتنے بچے بیٹھے ہیں وغیرہ۔




بس میں سفر کرتے ہوئے

2 + 2 + 2 + 2 + 2 + 2 + 2 + 2 + 2 = ☐

9 کا 2 گنا = ☐

بس میں لوگوں کی کل تعداد۔ = ☐

بس میں پانی کی بوتلوں کی کچھ کریٹ رکھی ہوئی ہیں، انھیں گنیے۔



☐ = ☐ + ☐ + ☐ + ☐


4 کا 5 گنا = ☐

بس میں بوتلوں کی کل تعداد = ☐

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

چینو نے دکان سے ربر، پینسل اور سیب کے کچھ پیکیٹ خریدے۔ ہر چیز کی کل تعداد معلوم کیجیے۔

A.




2 + ☐ + ☐ + ☐ = ☐ ربر

2 کا 4 گنا = ☐

ربر کی کل تعداد = ☐

B.



3 + ☐ + ☐ + ☐ + ☐ = ☐ پینسلیں

5 کا 3 گنا = ☐

پینسلوں کی کل تعداد = ☐

C.



3 + ☐ + ☐ + ☐ = ☐ سیب

3 کا 3 گنا = ☐

سیبوں کی کل تعداد = ☐

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پروجیکٹ

سائیکل کے پہیے کی ایک تصویر بنائیے۔ معلوم کیجیے کہ تمہارے گھر میں تمہارے دوست کے پاس کتنی سائیکلیں ہیں۔ تمام سائیکلوں کے پہیوں کی کل تعداد معلوم کریں۔

QRickit

4109CH12

12 ہم کتنا خرچ کر سکتے ہیں؟



NOT TO BE REPUBLISHED

ریا ₹1، ₹2، ₹5، ₹10 والے سکّے گننا شروع کرتی ہے اور ساحل ₹10، ₹20، ₹50، اور ₹100 کے نوٹ گنتا ہے۔ دیے گئے سکّوں اور نوٹوں کو دیکھیے اور نیچے ان کی قیمت لکھیے۔

			
			₹1
			
			₹10



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

آؤ کریں

A. ایک گیند کی قیمت ₹20 ہے۔

ریا نے گیند کے لیے ₹5 کے _____ سکّے دیے۔

ساحل نے گیند کے لیے ₹10 کے _____ نوٹ دیے۔

B. ان کھلونوں کے نام بتائیں جو آپ ₹10 میں خرید سکتے ہیں۔

C. ان کھلونوں کے نام بتائیں جو آپ ₹20 میں خرید سکتے ہیں۔

D. اگر کار کی قیمت ₹14 ہے اور ساحل کے پاس ₹10 ہیں تو ساحل کو کار خریدنے کے لیے کتنے اور روپیوں کی ضرورت ہوگی؟

E. ریا اور ساحل دونوں کے پاس کل ₹30 ہیں۔ ان کھلونے کے نام لکھیے جو وہ مل کر خرید سکتے ہیں۔

پیسے بچانا ایک اچھی عادت ہیں۔ گفتگو کیجیے۔

کل رقم معلوم کیجیے اور صحیح جواب پر ✓ کا نشان لگائیے۔



آؤ کھیلیں

کاغذ کے ٹکڑوں سے اپنے کرنسی نوٹ اور سکّے بنائیے اور کلاس روم میں خرید و فروخت کا کھیل کھیلیے۔



کچھ بچے دکاندار بنیں گے اور باقی خریدار۔ انھیں کھیلنے والے نوٹوں سے چیزوں کی خریداری کرنے دیجیے۔
مختلف قیمتوں والے نوٹ دکاندار کو دینے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دی گئی رقم کا استعمال کرتے ہوئے مختلف سکّوں اور روپیوں کو ملا کر بنائیے۔








₹20




₹10


₹13

₹8

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

یکساں رقم کو ملائیے۔

A.



B.



C.










@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پروجیکٹ



گلّک



اپنے گھر میں بھائی بہنوں کی مدد سے ایک فالتو ڈبے کا استعمال کرکے ایک گلّک بنائیے۔





اس قسم کی کچھ اور مثالیں دیجیے۔ بچوں سے کہیے کہ نقلی نوٹوں کا استعمال کرتے ہوئے ایسے ہی گروپ بنائیں۔


QRickit

4109CH13

کھلونے ہی کھلونے

13

تصویر کو دیکھیے اور مختلف کھلونوں کی تعداد معلوم کیجیے۔



© KITABISTAN NOT TO BE REPUBLISHED

ہاتھی ☐ ☐ ٹیڈی بیئر

کار ☐ ☐ گڑیا

زیاد/کم/برابر، کا استعمال کرتے ہوئے جملوں کو مکمل کیجیے۔

A. گڑیوں کی تعداد کاروں کی تعداد سے _____ ہے۔

B. ہاتھیوں کی تعداد گڑیوں کی تعداد سے _____ ہے۔

C. ٹیڈی بیئر کی تعداد ہاتھیوں کی تعداد سے _____ ہے۔

D. کاروں کی تعداد سے ٹیڈی بیئر کی تعداد سے _____ ہے۔

رنگین پھول

ان پھولوں کے رنگ کے نام بتائیے، جو آپ باغ میں زیادہ دیکھتے ہیں

رنگین پھولوں کی تصویر دیکھیے اور پھولوں کی تعداد لکھیے۔

نیلا پھول ☐ لال پھول ☐

نارنگی پھول ☐ جامنی پھول ☐

A. کون سے رنگ کے پھول سب سے کم ہیں؟

_____

B. کون سے رنگ کے پھول سب سے زیادہ ہیں؟

_____

صحیح یا غلط

A. لال رنگ کے پھولوں کی تعداد نیلے رنگ کے پھولوں کی تعداد سے زیادہ ہے۔ ☐

B. نارنگی رنگ کے پھولوں کی تعداد جامنی رنگ کے پھولوں سے کم ہے۔ ☐



پروجیکٹ


A. رنگین پھولوں کے بارڈر والا ایک کارڈ بنائیے۔

B. معلوم کیجیے کہ آپ کی کلاس کے کتنے بچوں کے ناموں میں 3 حروف اور کتنے بچوں کے ناموں میں 4 حروف اور کتنے بچوں کے ناموں میں 4 سے زیادہ حروف ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED




A. کومل نے کچھ عددی کارڈس کو مرتب کیا اور آنایہ نے ان کو کٹوریوں سے دکھائے گئے طریقے سے چھپادیا۔ کیا آپ ان اعداد کو پہچان سکتے ہیں؟




آپ بھی عددی کارڈ کے اعداد کو اپنے ہاتھ سے چھپائیے اور اپنے دوستوں کے ساتھ یہ کھیل کھیلیں۔

B. لٹھوں کو گنئے اور ان کی تعداد بتائیے؟ کیا یہ 3 لٹھّے ہیں یا 4؟



C. زرینہ نے ان گلاسوں کو اس طرح رکھا ہے۔ اس ترتیب کو آگے بڑھانے میں اس کی مدد کیجیے۔



_____ _____

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


D. 1 سے 10 تک کے اعداد معلوم کیجیے۔

ہ	ا	چ	ن	ا	پ	ف
و	ٹ	ھ	و	د	س	د
خ	ھ	ر	ا	چ	ا	ق
ے	و	ن	ی	ث	ت	ک
ع	ف	و	ک	م	ل	گ
غ	ص	ض	ظ	ط	ز	ڑ



NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

E. ان گیندوں میں 1 سے 5 تک کے اعداد اس طرح لکھیے کہ دونوں طرف سے حاصل جمع برابر ہو۔




F. گِلّو صرف 8 ہی بولتا ہے۔ اس سے کوئی ایسا سوال پوچھو جس کا جواب 8 ہو تو وہ خوش ہوجاتا ہے اور نہ ہو تو وہ رنجیدہ ہوجاتا ہے۔

اب، گِلّو سے ایسے سوال پوچھیے جس کا جواب 8 ہو۔




G. △، □ اور ○ ان خانوں میں اس طرح بھریئے کہ کوئی بھی شکل ہر ایک قطار (افقی) اور کالم (کھڑے) صرف ایک ہی بار آئے۔






H. آپ کچھ چیزیں جیسے 4 بٹن، کنکر، بیج، مٹی کی گیندیں وغیرہ لیجیے۔ اب ان کو دیے ہوئے خانوں میں اس طرح سے رکھیے کہ ہر چیز قطار (افقی) اور کالم (کھڑے ہوئے) میں صرف ایک ہی بار آئے۔





کیا آپ کسی اور طریقے سے بھی اسے بھر سکتے ہیں؟

I. میں کون ہوں؟ (آئینہ آپ کی مدد کر سکتا ہے)







NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

J. میں کون ہوں؟

i. میں 5 اور 10 کے بیچ کا ایک عدد ہوں۔ اور الٹا پڑھنے (اوپر سے نیچے کی طرف) پر 3 زیادہ ہو جاتا ہوں۔

ii. میں 8 سے 3 زیادہ اور 14 سے 3 کم ہوں۔

iii. میں 50 کے بعد اور 54 سے پہلے کا عدد ہوں اور میرے ہندسوں کا حاصل جمع 7 ہے۔


iv. میں 40 سے ٹھیک پہلے کا عدد ہوں۔

v. مجھ میں 5 جمع کرو تو آپ کو 24 حاصل ہو گا۔

vi. میں 35 کے ٹھیک بعد کا عدد ہوں۔

vii. مجھ میں سے 8 کم کر دو تو 14 باقی بچے گا۔


K. 0 بنانے کے لیے 6 ماچس کی تیلیوں کا استعمال ہوا ہے۔
کیا آپ ماچس کی ایک تیلی کو اٹھا کر کوئی دوسرا عدد بنا سکتے ہیں؟



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

L. غائب ٹکڑے کو تلاش کیجیے اور گھڑے کو مکمل کیجیے۔





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

M. آپ 5 کو 25 میں سے کتنی مرتبہ گھٹا سکتے ہیں؟

N. رانو کے پاس 3 بیج ہیں۔ وہ ان کو 3 اعداد پر اس طرح رکھنا چاہتی ہے کہ ان اعداد کا حاصل جمع 17 ہو۔ کیا اس میں آپ رانو کی مدد کر سکتے ہیں؟




4	9	6	7
16	0	8	5
15	13	1	2
17	2	3	12

آپ نے کتنے طریقوں سے کیا ہے؟

اگر آپ کے پاس 2 بیج ہیں۔ 17 حاصل کرنے کے لیے آپ ان کو کن اعداد پر رکھیں گے۔

O. ایک جیسی دکھنے والی پرچھائیں۔ شبیہ کو دائرہ میں رکھیے۔







@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


P. ذیل میں دیے گئے کارڈ پر 5 سے 9 تک کا ہر عدد اس طرح لکھیے کہ قطار اور کالم کا حاصل جمع برابر ہو۔









Q. جمع اور تفریق کا عمل کر کے مرکز میں دیا گیا عدد حاصل کرنے کی کوشش کیجیے








@RTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

R. خالی جگہوں میں مناسب عدد لکھ کر پُر کیجیے۔





@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

S. سریتا کے پاس مختلف قیمتوں والے چار سکّے ہیں۔






₹49 خرچ کرنے کے لیے استعمال کیے گئے سکّوں کی کم سے کم تعداد کیا ہے؟

T. سنترے کی قدر معلوم کیجیے۔


+

= 8



+

= 10


= ☐

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

U. آؤ گیند والا کھیل کھیلیں



i. 3 گیندیں اس طرح چنیے کہ کل جمع 15 ہو۔

ii. سب سے بڑا اسکور حاصل کرنے کے لیے 3 گیندیں چنیے۔

iii. سب سے کم اسکور حاصل کرنے کے لیے 3 گیندیں چنیے۔



Sexual Abuse of Children and Punishments under the Protection of Children from Sexual Offences Act, 2012

As per Section 2(d) of the POCSO Act, 2012,
A "Child" means any person below the age of 18 years.

Sexual Offence	Punishment
Penetrative Assault – Any person who commits penetrative sexual assault on a child. (Section 3)	Rigorous imprisonment not less than 10 years, which may extent to life imprisonment, and fine. (Section 4)
Aggravated Penetrative Sexual Assault – Penetrative sexual assault committed under aggravated circumstances. (Section 5)	Rigorous imprisonment not less than 20 years, which may extend to life imprisonment or death, and fine. (Section 6)
Sexual Assault – Touching the private parts of a child or making the child touch any person for sexual intent. (Section 7)	Imprisonment not less than 3 years, which many extents to 5 years, and fine. (Section 8)
Aggravated Sexual Assault – Sexual assault committed under aggravated circumstances. (Section 9)	Imprisonment not less than 5 years, which may extend to 7 years, and fine. (Section 10)
Sexual Harassment of a Child (Section 11)	Imprisonment which may extend to 3 years, and fine. (Section 12)
Use of a Child for Pornographic Purposes (Section 13)	Imprisonment up to 5 years and fine; higher punishment for subsequent offences. (Section 14)
Storage or Possession of Pornographic Material Involving a Child (Section 15)	Imprisonment and fine as prescribed, which may extend to 3 years.
Abetment of an Offence under POCSO (Section 16)	Punishment prescribed for the offence abetted. (Section 17)

NOT TO BE REPUBLISHED @CERT

Necessary Steps to Be Taken in Case of Sexual Abuse of a Child

- Any person having knowledge of a sexual offence must report the matter immediately to the Special Juvenile Police Unit (SJPU) or the Local Police Station. (Section 19)
- The Child shall be produced before the Child Welfare Committee (CWC) or the Special Court within 24 hours for care and protection.
- The child shall be provided medical examination and treatment immediately, free of cost., at the nearest hospital.
- In case of a girl child, medical examination shall be conducted by a female doctor, as far as possible, in the presence of parents or a trusted person. (Section 27)
- The identity of the child shall not be disclosed through any media, including name, address, photograph, or any identifying details. (Section 23)
- As per Rule 7 of the Protection of Children from Sexual Offences Rules, 2020, where an interim compensation to meet the immediate needs of the child.
- As per Section 44 of the Protection of Children from Sexual Offences Act, 2012, the Karnataka State commission for Protection of Child Rights (KSCPCR) shall monitor the effective implementation of the provisions of the Act.


Our Commitment
Towards a Violence-Free and Child-Sate Society

Children be cautious !!! Be alert

Your body belongs only to you,You have all the rights
to keep safe and protect it always.
Safe and Unsafe touches on your body

See the picture and understand

this cautious is for Boys and Girls



NOT TO BE REPUBLISHED © KSEEB

Unsafe Touch (BAD TOUCH) - **parts of your body where nobody should touch (except parents and in their presence only doctors can touch)**

Safe touch (GOOD TOUCH) **-can touch only when required**

When you feel Unsafe Touch or any other mischief,please Say loudly
NO.. Don't.. Stop it..and Scream, push the person aside and move to a safer place,
be brave and inform about it, to your parents & Trusted adult and register a complaint

Published by :Distict Administration -08532-229011, Zilla Panchyat-228448
Department of Police -235535/ 235001 / 235100 / 100 /1091 District Child Protection Unit-280570,
Department of Women and Child Develpoment-226292, Unicef Child Protection Project -230610. Raichur

Be Smart, Be Safe, Be Happy

Picture courtesy : Prajavani, Bhoomika 26-07-2014

unicef

NOTE

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED